© rasailojaraid.com



وتمحیص کے ہزار دروازے کھول دیئے ایسے سنگین مسئلہ پر مولانا مفتی صالح محمد زید مجدھم نے قلم اُٹھایا جو کہ عصر حاضر کی اشد ضرورت تھی۔ مولانا موصوف نے کلوننگ کے بارے میں شرعی نقطہ نظر، فقہی وسائنسی تحقیق بیان کی ہے۔ جو یقیناً لائق صد تحسین ہے۔ کتاب کلوننگ کے بارے میں شرعی انسائیکلوپیڈیا کی حیثیت رکھتی ہے۔

**نام کتاب:** ...... مریض کی نماز اور طہارت کے احکام

**مرتب:** ...... مولانا مفتی اقبال حسین صابری

**ناشر:** ...... جامعہ فاطمۃ الزھرا للبنات قادریہ کالونی پیرودھائی موڑ راولپنڈی

مولانا موصوف نے مریض کی نماز اور طہارت کے احکام پر ایک جامع علمی تحقیق مرتب کی ہے۔ اس کتاب میں مریض کو پیش آمدہ ضروری مسائل کا شرعی حل جامع انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ ان مسائل کا جاننا ہر مسلمان مرد وزن کے لئے ضروری ہے مثلاً

(۱)...... مریض سے متعلقہ پاکی وناپاکی کے مسائل واحکامات

(۲)...... پلستر یا پٹی پر مسح کرنے کا حکم

(۳)...... معذور شخص کے مسائل واحکامات

(۴)...... مریض کی امامت اور اس کی اقتداء میں نماز پڑھنے کا مسئلہ

غرض کتابِ مذکور میں اس قسم کے دیگر اہم مسائل پر نوجوان مفتی دام اقبالہ نے فقیہانہ تحقیق پیش کی ہے جو کہ گرانقدر اور نایاب علمی ذخیرہ ہے۔ ہر عام وخاص کے لئے اس کا مطالعہ مفید رہے گا۔

## قارئین حضرات

آپ بخوبی جانتے ہیں کہ المباحث الاسلامیہ ایک خالص علمی وتحقیقی مجلّہ ہے۔ اس مجلّے کے کسی قسم کے تجارتی مقاصد نہیں ہیں بلکہ یہ تفہیم وتبلیغ دین کی ایک سعی ہے۔ دوسری طرف ادارہ اس بات کا متحمل نہیں ہوسکتا کہ جملہ قارئین کو مجلّہ اعزازی طور پر دیا جاسکے۔ لہذا اس مجلّہ کی اشاعت بڑھانے کیلئے آپ کے دستِ تعاون دراز کرنے کی اشد ضرورت ہے المباحث الاسلامیہ خود پڑھئے اور اپنے حلقۂ احباب میں اس کی دعوت دیجئے۔ بلاشبہ اس طرح آپ بھی الدال علیٰ الخیر کفاعلہ کی خیر میں شامل ہوجائیں گے۔ ہاں دینی مدارس کے طلبہ اگر فی نفر دس خریدار بنائیں گے تو ان کا اپنا پرچہ مفت ارسال کیا جائے گا۔ امید ہے مجلّے کو اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کے لئے آپ اپنی سی کوشش فرمائیں گے۔ تاکہ تفہیم دین کا یہ مبارک سلسلہ جاری وساری رہے۔ واجرکم علی اللہ ............ (ادارہ)

© rasailojaraid.com